بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

جناب عالی!

گزارش ہے کہ مسمی سہیل الہی ولد سردار علی سکنہ تین مرلہ ہاوسنگ سکیم کھڈالی تحصیل وضلع رحیم یار خان کا رہائشی ہے، مسمی کا ووٹ پٹوار سرکل امین گڑھ کے انتخابی حلقہ کھڈالی کے شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 252030305 کے سلسلہ نمبر 443 پر درج ہے۔ جناب والا ہمارا پٹوار سرکل امین گڑھ جو کہ حلقہ NA-178 میں شامل کیا گیا ہے۔

جناب عالی ہمارا پٹوار سرکل امین گڑھ MC رحیم یار خان کے باڈر کے ساتھ منسلک ہے۔

جناب والا رحیم یار خان شہر کا قومی حلقہ NA-179 ہے اور اس کے اُمیدواران شہر رحیم یار خان کے رہائشی ہیں۔

جناب والا رحیم یار خان شہر سے ہمارا پٹوار سرکل امین گڑھ 1.5 کلومیٹر دور ہے اس لئے ہمارے پٹوار سرکل کو NA-178 میں شامل کرنا سخت ناانصافی ہے، کیونکہ NA-178 کا علاقہ تحصیل صادق آباد تک وسیع ہے۔

جناب عالی ہماری یونین کونسل کا ایک پٹوار سرکل سلطان پور NA-179 میں جبکہ پٹوار سرکل امین گڑھ NA-178 میں ہے۔

جناب عالی ہماری یونین کونسل کی تمام سڑکیں ملحقہ ہیں، ہماری یونین کونسل کو دو حصوں میں تقسیم کرنے سے ترقیاتی کاموں کے متاثر ہونے کا شدید اندیشہ ہے۔

جناب والا ہماری یونین کونسل اجلاس میں بھی اس سلسلے میں ایک قرار داد منظور ہو چکی ہے جو ساتھ لف ہے۔

لہذا: استدعا کی جاتی ہے کی پٹوار سرکل وڈی عظیم خان کو NA-179 سے NA-178 میں شامل کیا جائے، اور پٹوار سرکل امین گڑھ کو NA-178 سے NA-179 میں شامل کرنے کا حکم صادر کیا جائے۔ ایسا کرنے سے ضلع رحیم یار خان کا کوئی اور قومی حلقہ بھی متاثر نہیں ہوتا اور آبادی کا تناسب بھی قائم رہتا ہے۔

العارض

مسمی سہیل الہی ولد سردار علی سکنہ تین مرلہ ہاوسنگ سکیم کھڈالی تحصیل وضلع رحیم یار خان

فون نمبر: 0300-7827783